بازگشت

جناب منیر چغتائی

ریڈیو پر ایک الحاد پرور نظم سے متاثر ہو کر

آستانِ راستی پر کل جھکے گا تیرا سر
آج اگر تو دشمنِ اخلاق وایماں ہے تو کیا

جادۂ عرفاں پہ کل ہونا ہے تجھکو گامزن
آج اگر راہِ حقایق سے گریزاں ہے تو کیا

کل زمانہ تیری آنکھوں سے اٹھادیگا حجاب
بے خودی میں آج اگر تو نامسلماں ہے تو کیا

صبحِ نَو کے ہاتھ میں ہے کارواں تاج وتخت
آج یوسف مصر میں پابندِ زنداں ہے تو کیا

خون رلواتا ہے آخر ہر تعیش کا مآل
میکدہ میں آج اگر جشنِ چراغاں ہے تو کیا

طوطی وقمری کا مسکن ہے حقیقت میں چمن
آج صحنِ باغ میں کرگس پرافشاں ہے تو کیا

گوشہ گوشہ بننے والا ہے یہاں دارالسجود
نغمۂ انکار عالم میں پرافشاں ہے تو کیا

پھولنے پھلنے کو ہے کل نخلِ ایثار ووفا
اب سرِ پرشوق خاک وخوں میں غلطاں ہے تو کیا

آئیگا حق وصداقت کا زمانہ آئے گا
آج تاراجِ خزاں دورِ بہاراں ہے تو کیا

کل چمکنے کو ہے اِک خورشیدِ عالمتاب نَو
آج دنیا کی فضا ظلمت بداماں ہے تو کیا

مہدیٔ موعود کا نزدیک ہے وقتِ ورود
خندہ زن ابلیس عالم میں خراماں ہے تو کیا